پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## معیشت

# نصف (51%) پاکستانی اگلے چھ ماہ میں اپنے گھرانے کی ماہانہ بچت مزید کم ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ کی جانب سے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس Q3 2022)،**

(اسلام آباد)، 30 مارچ، 2023


گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ کی جانب سے کیے گئے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق، نصف (51%) پاکستانی اگلے چھ ماہ میں اپنے گھرانے کی ماہانہ بچت مزید کم ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔

**کنزیومر کنفیڈنس انڈکس Q3 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ میں آپ کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بڑھے گی، کم ہو گی، یا ایسی ہی رہے گی؟"**۔اس سوال کے جواب میں 2% جوابدہندگان کے مطابق اگلے چھ ماہ میں اُن کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بڑھے گی، 17% جوابدہندگان کے مطابق بڑھے گی، 23% جوابدہندگان کے مطابق ایسی ہی رہے گی، 24% جوابدہندگان کے مطابق کم ہو گی، جبکہ 27% جوابدہندگان کے مطابق اگلے چھ ماہ میں اُن کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بہت کم ہو گی، تاہم 7% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ میں آپ کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بڑھے گی، کم ہو گی، یا ایسی ہی رہے گی؟ "**

**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## تقابلی جائزہ (Q2 2022 اور Q3 2022):


کنزیومر کنفیڈنس انڈکس کی دوسری سہ ماہی رپورٹ (49%) اور تیسری سہ ماہی رپورٹ (51%) میں جوابدہندگان کی تقریباً ایک جیسی شرح مستقبل میں اپنے گھرانے کی ماہانہ بچت مزید کم ہونے کی توقع رکھتی ہے۔

GALLUP PAKISTAN

Affiliated with Gallup International

Pakistan's Foremost Social Research Lab

## تقابلی جائزہ(Q2 2022اور Q3 2022 )




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے منعقد کیا اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان کے تعاون سے اپنی کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس کی سہ ماہی رپورٹ میں جاری کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 2,068 مردوخواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طورپر 95%اعتماد کے ساتھ تقریباً±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹااکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

### کنزیومر اعتماد انڈیکس رپورٹ کے بارے میں:

صارفین کے رائے تبدیل ہوتی رہتی ہے اور اس کا اندازا اُن کے ذاتی مالی حالات کے ساتھ ساتھ مجموعی طورپر ملک کی مالیاتی اور معاشی کارکردگی کے بارے اُن میں رائے سے لگایا جاتا ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس ( سی سی آئی انڈیکس) عالمی سطح پر منظور شدہ ایک ایساآلہ ہے جوکہ گھریلو اخراجات اور بچت کا تخمینہ لگانے کے ساتھ ساتھ ملک میں مجموعی معاشی سرگرمیوں کا اندازہ لگانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اِن معاملات کو بہتر طورپر سمجھنے میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے ڈن اینڈ بریڈ اور گیلپ نے کاروباری اداروں اور پالیسی بنانے والوں کے لئے سہ ماہی رپورٹ شائع کی ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس ( سی سی آئی ) حکومتوں، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں سمیت متعدد اسٹیک ہولڈرز کے لئے ایک قیمتی آلہ ہے، کیونکہ ان اعداد و شمار کی مدد سے اُنھیں صارفین کی رائے کو بہتر طورپر سمجھنے اور اس حوالے سے بروقت فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے۔

سی سی آئی کی گزشتہ رپورٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، برائے مہربانی ڈی اینڈ بی پاکستان نالج کیپٹل کی ویب سائٹ یا گیلپ پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, March 30th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating 43 years of Gallup Pakistan (1980-2023)